یہیں سے ظاہر ہوا کہ نجمی ایڈیٹر کا فرمانا اس فتوی سے چار مختلف دین ہو گئے کذب
محض ہے دین چاروں کا ایک ہے اور فرعیات کا اختلاف بمصلحت الٰہی قدیم سے
یعنی رسالہ علم الفقہ کے وہ شبہات واہیہ جنپر وہ غرہ تھا کہ ان کا جواب نہو سکیگا
ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ **شبہ ۱** حاشیہ ہدایہ میں عدم جواز اقتدا کی جو
دلیل مولوی صاحب لکھنوی نے آگاہ صاحب سے سیکھ کر [illegible] یہاں دو بار
لکھی ہیں ایک جیسے مہمل شقوق بڑھا کر بیٹھوں میں پھیلا اور بات صرف اتنی
کہ ہر مذہب یکساں محتمل خطا ہے پھر بطلان اقتدا کی وجہ کیا کہ یہ وہی پانچواں شبہ ہے وا ہے
جسکے نزدیک سب مذہب یکساں محتمل خطا و صواب بلا رجحان ہوں وہ لامذہب ہے
کہ جب کوئی طرف اوسکے نزدیک راجح نہیں تو اوس کا کوئی مذہب نہیں تو یہ محل بحث سے
نکل کر دور پڑنا ہے اپنی علم الفقہ ہی دیکھئے بحث تو اوس صورت میں ہے کہ امام و مقتدی کا مذہب
ایک نہو اور نماز امام کے مذہب کے موافق صحیح مقتدی کے مذہب کے موافق صحیح
نہیں یہاں اونھوں نے مذہب ہی اوڑا دیا لامذہب کی نماز سے ہمیں یہاں غرض نہیں اوس
میں بحث کیا اور جب مقتدی مذہب رکھتا ہے قطعاً اوسے عدم صحت مظنون ہو اور یہاں
ظن مثل یقین تو یہ کیونکر اوس کی اقتدا کر سکتا ہے جو اس کے نزدیک نماز ہی میں نہیں
آپنے دیکھا کیسی اچھی دلیل لکھی تھی کہ بحث ہی چھوڑ کر الگ چل دئے دوسری یہ کہ غیر کی
رعایت صرف مستحب ہے اگر نہ کرے تو اوس پر کوئی الزام نہیں پھر صحت اقتدا سے مانع کیا
ہے۔ آگاہ صاحب کو بھی یہی دھوکا لگا ہے کہ ہم شافعی الامام پر حنفی المذہب کی مراعات واجب

۹۵
۹۶
۹۷
۹۸
۹۹

[illegible]

مثلا صلاۃ نصف شب [illegible] افتراق نماز کا وبال اوس پر ہے جس کی مسجد میں مختلف امام تھے اور جس نے ترک کر کے [illegible]
کے بعد وضو نکیا اور ایک مذہب والوں کے نزدیک بے وضو نماز پڑھاتے تو [illegible] ہو گیا

کرتے ہیں۔ حاشا بلکہ حنفی پر واجب کرتے ہیں کہ اگر وہ تیرے مذہب کا کوئی فرض طہارت
یا نماز میں چھوڑے ہوئے ہو تو تیرے نزدیک نماز سے خارج ہے اوس کی اقتدا مگر
ایک قبیلے کی نماز اور سب کے لیے صحیح ہو گیا ایسے مستثنیٰ ہیں کہ اور سب کے لیے صحیح ہو سکے ور
امی اُمّی، عورت، بچہ، خنثیٰ، معذور، برہنہ، مومی، راکب، متنفل، مسبوق، لاحق، مقیم کہ بعد وقت چار رکعتی
فرض میں ہو۔ ان سب کی نماز اون کے حق میں صحیح ہے اور سوائے خنثیٰ و مسبوق و لاحق ہر
ایک اپنے مثل کی امامت بھی کر سکتا ہے مگر اون کے غیر کو اون کی اقتدا باطل بالجملہ کلیت کبریٰ
مطلقاً یہ باطل لہذا دلیل ساقط و زائل۔ خدا کی شان اتنے ادراک بجنبہ کے مقابل رحم اللہ امرأ
عرف قدرہ ولم یتعد طورہ اللہ کی رحمت اوس پر جو اپنی ہستی پہچانے اور چادر سے زیادہ پاؤں
نہ پھیلائے **شبہ** رعایت مذہب مقتدی بھی ہے نہ ہو سکتی ہے اول تو یہ رعایت
مستحب ہے فرض واجب نہیں دوم اسکے ساتھ مشروط کہ اپنے مذہب کا مکروہ تنزیہی
بھی نہ آنے ایسے نماز میں بہت مواقع ہیں کہ رعایت کرے تو نماز مکروہ ہو سوم اس
پر موقوف کہ امام مذہب مقتدی کا علم رکھتا ہو حالانکہ ایک ہی فقرہ پر عبور دشوار اور مولوی
لکھنوی صاحب نے استحباب رعایت پر اقتصار کیا تھا اپنے اور سب کے حال ہونے کا شگوفہ تو یہ یا
طرفہ یہ کہ اوسی سوچ میں مستحب بھی کہا اور آپکے جان پناہ آگاہ نے بالاجماع سنت بتائی
ہمیں خروج از اختلاف ائمہ بالاجماع سنت بود تا نماز او بمذہبین درست باشد۔
عجب کہ جو امر ناممکن و محال ہو شرعًا اجماعًا سنت و مطلوب ہو لا یکلف اللہ نفسا
الا وسعہا کے معنے خوب سمجھے کہ اللہ تعالیٰ محال چیز کو فرض و واجب تو نہیں کرتا مگر بطور
استحباب اوسکی طرف بلاتا ہے کہ جو بات ہو ہی نہیں سکتی وہ کر دو اس سوجھ بوجھ کا اقرار اچھا
نباہا۔ ثانیاً صحت اقتدا کیلیے صرف فرائض طہارت و نماز کی رعایت درکار لکین
مذہب حنفی کا کونسا فرض ہے کہ شافعی کے یہاں مکروہ ہو بلکہ جسے ہم فرض مانتے ہیں جیسے ربع
سر کا مسح غسل میں کلی اور ناک میں پانی ڈالنا اون کے یہاں سنت یا جزو سنت
یا کم از کم مستحب ہے ثالثاً وہ امور معدودہ ہیں بندہ بسہولت سیکھ لینا
کیا دشوار ہے خصوصاً وہ کہ دائر و سائر اور ہر ذی علم پر روشن و ظاہر ہیں آپکے
خرابعا اگرچہ عشر اور وہ بھی اس درجہ کہا ہو کہ رعایت فرائض مذہب معاف کر دی تو نماز ہی کو
کیوں نہ استعفا دیجئے مذہب حنفی کی دشواری وہ کتنی صد ہا کا بوجھ کون اوٹھا سکتا وضو غسل و
تیمم شروط الصلاۃ صفۃ الصلاۃ مفسدات وغیرہا میں کتنے کثیر مسائل ہیں جن پر صحت نماز موقوف
اور اونکی رعایت اسپر موقوف کہ مصلی اونکا علم رکھتا ہو حالانکہ ایک ہی باب کی جزئیات پر عبور دشوار

یہ تو ابواب کثیرہ میں دشواری کی یہ شہادت کہ عوام ذرا سا بھی بیش و کم ... کا ہر متعنف الکہ مجتہد ہر
اور آپکے عبور کی یہ حالت جسکا نمونہ فصل ہم میں گزرا کہ تو تمام نبی چھوڑ دیئے یا علم اونکو ہم
نہ دیکھا کہ علامہ بیری وغیرہ نے ائمہ جسم کو کیسا محتاط فی الفرائض مانا ہوا کہا ہے
وصل دہم میں حسن چکے کہ اوس پر گمان حسن کا حکم ہے تو اگر بعض خفی رعایتیں اوس سے
رہ بھی گئی ہوں مانع اقتدا نہوگی جب تک مقتدی کو اوسکے ترک فرض کا علم نہو جائے اور یہ بلا شبہہ
بہت نادر ہے ایسے حج نصیب نہوا اسی بہانے حرمین شریفین جائیے اور مہینوں
رہ کر دیکھیے کسی وقت آپ شافعی امام میں نہ بتا سکینگے کہ یہ طہارت یا نماز میں فلان فرض مذہب
حنفی کا تارک ہے **شبہہ ۹** خوب بہت چمک کر لکھا کہ حضرات صحابہ کرام یا امام شافعی
یا امام مالک یا حضرت سیدنا عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین امامت فرمائیں
اور امام نماز نہیں تو اس فتوی والے ان کے پیچھے نہ پڑھینگے کہ کیسی گستاخی و محرومی کا ہر
اقول ایسا موقع بھر کر ان حضرات کو غیر محتاط مانا ہے اور وہ بھی کاہے میں نماز میں کہ کیسی
گستاخی و محرومی ہے وہ اہل احتیاط کے سردار ہیں اون کے غلاموں کے پیچھے جو اون
کی کفش برداری و آستانہ بوسی سے دین میں محتاط ہو گئے نماز بے دغدغہ جائز
ہے (دیکھو وصل ہم) **ثانیا** آیہ کریمہ **ومن یکسب خطیئۃ او اثما ثم یرم**
بہ بریئا فقد احتمل بہتانا واثما مبینا ۰ آپکے یہاں نہ منسوخ
ہوگئی ان حضرات عالیات رضی اللہ تعالی عنہم کے پیچھے نماز تو آپکے طور پر گناہ اور پڑھنے والا
جہنم کا مستحق (دیکھو ایمان الشرعی ص ۱۸ اور یاد کیجیے ابن تیمیہ دادا کا فرمان) آپ
ناحق ایسے مسلمانوں کے سر تھوپتے ہیں اور وہ بھی کن کے سر چاروں مذہب
کے جمہور ائمہ کرام کے سر کہ کیسی گستاخی و محرومی **ثالثا** فرائض نماز میں
اختلاف مذہب بالائے طاق رکھ آپ اسمعیل دہلوی علیہ ما علیہ اور اوسکی کتاب کفر نصاب
تفویت الایمان کو کیسا جانتے ہیں اگر مسلمانوں کی طرح اوسے گمراہ بددین اور اوس کی
کتاب کو مردود و لعین جانتے ہیں تو لکھ دیجیے مگر حاشا کہ آپ ایسا جانیں نہ لکھا ایں
کیا آپکے بڑی متبوع کے بیان اوس کا نفع عام نما اوسکو حضرت مولانا لکھا اور جب
وہ آپکے مولے کا مولے تو آپکا مولے بدرجہ اولے اب اس **لبئس المولی**
ولبئس العشیر کی تفویت الایمان سامنے رکھ لیجیے صحابہ و ائمہ و اولیا در کنار

[illegible]

ملئکہ و انبیاء خود حضور اقدس سید الانبیاء حتی کہ خود حضرت حق جل و علا علیہم افضل الصلاۃ و
۱۳۲۸ الثنا کو کوئی بھی شرک سے بچا یوں سمجھ میں نہ آئے تو کتاب لاجواب الکوکبۃ الشہابیہ
فی کفریات ابی الوہابیہ و کتاب مستطاب الکمال الطامۃ علی شرک سوی بالامور العامۃ و کتاب کامل نصاب خالص الاعتقاد
۱۳۲۷
اور اب حال کا رسالہ کشف ضلال دیوبند ملاحظہ کیجئے سبحٰن اللہ آگے بیان تو حضور
پر نور محمد رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آپ کے پیچھے نماز باطل تھی اب
آئے ہیں کہ لوگ اون کے پیچھے پڑھیں تو ان کے نزدیک جہنم میں پڑیں معاذ اللہ کیا گستاخی
کہ شرک و امامت کا اجتماع محال ہے کسی نسائی و ترمذی کے ہاں اگر آپ متحدین کہ ہمارے نزدیک
اسمٰعیل گمراہ بد دین تھا اور اوس کے یہ اقوال ابوال و لعین تو البتہ اس تیسرے
سے آپکو مفر اگرچہ کلا و ذرا ایسا فرمائیے تو حضرات کرام تشریف لاکر کونسے
فرض میں بے احتیاطی فرمائینگے وہ غسل کر ساتھ دنیا سے تشریف لے گئے ہیں
اب جو امامت کو تشریف لائینگے کونسا حدث واقع ہوگا جس کے وضو میں ربع سر کا
مسح فرمائینگے کہ نہانے کی حاجت ہوگی کہ ازسرنو غسل فرمائینگے۔ یا نجاست پڑی
ہوئے قلتین یا ترچھ یا نہر کے جرے پانی سے نہانے یا وضو کرنے جائینگے
یا فصد لینگے یا پچھنے لگوائینگے یا موہنہ بھر کر قے کرینگے یا نماز میں قہقہے سے ہنسینگے اور وضو
نہ فرمائینگے یا لباس مبارک یا جسم مقدس میں درم بھر سے زیادہ منی لگی ہوگی اور نماز
پڑھائینگے یا شیر خوار لڑکا اون پر پیشاب کریگا اور اوسے نہ دھوئینگے صرف چھینٹا دے لینگے
یا کوئی نماز قضا کرکے سب اوسے پڑھنے وقت کی پڑھائینگے یا مشتاد عورت
عورت کے برابر کھڑا ہوکر امامت فرمائینگے وہ صورت بتائیے کہ یہ مفسد نماز اون سے
ثابت و متحقق ہوگا جس سے حنفیہ اون کے پیچھے نماز نہ پڑھینگے یا مظنون الوقوع ہوگا جس کے ترک
کی پیشگی شرط لگائینگے ائمہ حرم کے پیچھے حنفیہ پڑھتے ہیں اون سے تو شرط کرنی درکنار
جالی ان اکابر سے شرط کرنے جائینگے مگر بدزبانی و بدطینتی کا کیا علاج خامسًا
دنیا دار التکلیف ہے یا برزخ بھی۔ ثانی قطعا باطل اور اجماع مسلمین کا نقض اور حدیث
صحیح کی تکذیب ہے رسول اللہ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اذا مات ابن آدم

۵ حضور کے پیچھے نماز اب بھی ہوگی حضور کی حیات ظاہری کی سی ہے

القطع على الحدیث رواہ احمد و مسلم عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ لاجرم اون کی نماز ہوگی تو نفل ہی ہوگی اب فرمائیے جو نماز پنجگانہ و جمعہ مین اون کی امامت امام اعظم و امام ابو یوسف و امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نزدیک صحیح ہے یا باطل۔ اگر صحیح کہو تو تمہارا علم الفقہ تمہارے مونھ پر تھپڑ سخت جبر نما کہ رہی ہے حصہ دوم صفحہ ۹۷ اب ہم وہ صورتین لکھتے ہین جنمین مقتدی امام سے زیادہ ہے اور اقتدا درست نہین صفحہ ۹۸ (۱۵) فرض پڑھنے والے کی اقتدا نفل پڑھنے والے کے پیچھے اور اگر کہتے ہو ہان اون کے پیچھے فرض نماز باطل ہوگی تو کیسی گستاخی و محرومی ہے نہ اکیلے ہی بلکہ دوسری کو صحابہ کرام کلہم و امام شافعی و امام مالک و حضرت اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے پیچھے نماز باطل بتائی اور ہر کس و ناکس کو اون سے زیادہ بنایا اگرچہ کلکتہ گوری کا ملکی یا لکھنو کا بھٹیارا ہوکر کہا مقتدی امام سے زیادہ ہے ساد سا اور بڑھکر سنیے اگرچہ بر جان پناہ آگاہ حضرت شیخ مجدد کو معاذ اللہ سونگھ کر خاص نام لیکر کافر عالی لکھ گئے مگر آپ ہی اپنے اشتہار مین اون کو حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی لکھ رہے ہین ملاحظہ ہو کہ یہ امام ربانی جلد اول مکتوب ۲۸۲ مین کیا فرماتے ہین امروز در حلقۂ بامداد حضرت الیاس و حضرت خضر علی نبینا و علیہما الصلوات والتسلیمات ... حاضر شدند ... نماز مذہب امام شافعی ادا می نماید فرمودند ما بشرائع مکلف نیستیم مہمات قطبیت را بامر بوط ساختہ اند و قطب مدار بمذہب شافعی ست ما ہم در پس او نماز بمذہب شافعی ادا می کنیم در انوقت معلوم شد کہ بطاعت ایشان جز امتثال نیست در ادائے طاعت موافقت باہل طاعت می نمایند و مراعات صورت عبادت می کنند انتہی اکی خبر نہ لیجیے یہان تو نفل بھی نہ ہے صرف عبادت کی صورت گری ہی اب کہیے کہ کیسی گستاخی و محرومی ہے یہ ہین آپ کے پادر ہوا شبہات باطلہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

فصل۔ ائمہ کرام کی شان میں ایڈیٹر کی گستاخیان

مسلمانو۔ تمہیر تحفی ایڈیٹر کی چالاکیان عیاریان کھل گئین اور شبہات واباطیل کی قلعین کھل گئین اور آفتاب سے زیادہ روشن ہوگیا کہ امام اہلسنت کا فتویٰ عین ارشاد جماہیر ائمہ کرام سے امام اعظم و امام ابو یوسف و امام محمد رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مسائل منصوصہ ہے اوس کا اعلام ہے باقرار آگاہ صاحب یہی جملہ متون و شروح و فتاوی کا ارشاد ہے اوسی پر معظم علمائے کرام مذاہب اربعہ کا اعتماد

ہے تو اس فتوے والے جمہور ائمہ دین ہیں اور یہ فتوی اون کا ارشاد متین ہے اون کے ساتھ
مسٹر ایڈیٹر کی گستاخیاں دیکھیے گستاخی ۱ تو وہی کہ در حقیقت یہ قول بالکل مردود بے دلیل اور
نہایت نفرت کی نظر سے دیکھنے کے قابل ہے گستاخی ۲ اس قول پر عمل کیا جائے
تو آپس میں سخت افتراق پڑ جائیگا کیسی ائمہ کرام سلمانوں میں پھوٹ ڈالنے والے ہیں
گستاخی ۳ ایسی بے سر و پا تحریر کو شرعی فتوی کہنا شرع مقدس کی توہین ہے یعنی جا بجا
ائمہ دین کا ارشاد محض بے سر و پا بے بنیاد اور اوس کو شرعی فتوی کہنا شرع مطہر کی توہین
ص ۵ کذلک یطبع اللہ علی کل قلب متکبر جبارہ گستاخی ۴ اس فتوی سے چار مختلف
دین ہو گئے تمام ائمہ دین چاروں مذہب کے مجتہدین معاذ اللہ الذین فرقوا دینہم
ص ۳ مصداق ہم وکانوا شیعا ہیں گستاخی ۵ و ۶ اس فتوے والے ان کے پیچھے نماز نہ پڑھنے کے ہیں
کیسی گستاخی و محرومی ہے گستاخی ۷ اس فتوے والے اکثر روافض کیطرح جماعت
سے محروم اور احبار اکابر علما کی سخت سخت توہینیں یہاں تک کہ خوف کفر حتی کہ صریح تکفیر
کا بیان فصل ۲ و ۴ میں گزرا یہ انکی حنفیت ہے

فصل ۸ ایڈیٹر کے بعض باقی اغلاط و جہالات

(۱) امام ابو الیسر متوفی سنہ ۴۹۳ھ کو قول جمہور کا پہلا قائل بتانا جس کی عبارت انکی کذب ۲ میں
گزری اگر مسائل منصوصہ ائمہ ثلاثہ رضی اللہ تعالی عنہم تک رسائی نہیں تھی تو کیا امام رکن الاسلام
علی سغدی متوفی سنہ ۴۶۱ھ (۲) امام شمس الائمہ حلوانی متوفی سنہ ۴۴۸ھ کہ خود امام ابو الیسر کے استاذ
ہیں (۳) امام احمد بن محمد ناطفی صاحب واقعات متوفی سنہ ۴۴۶ھ (۴) امام شیخ الاسلام
بکر متوفی سنہ ۴۳۳ھ (۵) امام فقیہ مطلق محمد بن عبد اللہ متوفی سنہ ۳۶۲ھ امام ابو الیسر سے مقدم نہیں (۶)
مکحول متوفی سنہ ۳۱۸ھ کی آپ کے جان پناہ آگاہ اونھیں اس قول کے قائل نہیں بتاتے قول
رابع عدم جواز اقتدا بالمخالف مطلقا برین قول اند از قدمائے حنفیہ مکحول و ابو الیسر و شیخ اسبیجابی
و صاحب بدائع (۷) لطف یہ کہ خود ہی قول ابو الیسر کا مبنی روایت مکحول بتاتے
ہیں تو مکحول امام ابو الیسر سے پہلے ہوئے یا بعد (۸) کیسا کھلا جہل ہے کہ قول
ابو الیسر کی وجہ محض مکحول کی غیر معتبر روایت ہے مکحول کی روایت تو یہ ہے کہ رفع یدین مفسد

نماز ہے یہ مفسد تو بعینہ شافعی امام کی نماز میں پایا جائیگا اس پر حنفی مقتدی کی نماز
کا فساد کیونکر لازم آیا جبتک یہ ثابت نہیں کہ مقتدی کے حق میں اوس کا اپنا مذہب معتبر ہے یعنی اگر امام
کی نماز میں وہ بات ہوئی جو مقتدی کے مذہب میں موجب فساد ہے تو مقتدی کی نماز نہ ہوگی۔
روشن ہوا کہ اس روایت کی بنا پر نماز مقتدی کی فاسد ماننا ہی اعتبار رائے مقتدی پر مبنی ہے
نہ کہ اعتبار رائے مقتدی اس روایت پر مبنی مگر کیا کیجیے کہ ع عقل بازار میں نہیں بکتی۔ (۹)
مولوی لکھنوی صاحب کیا فوائد بہیہ سے نقل لائے یہاں اعتبار الرأی حکم بعدم جواز اقتداء الحنفی بالشافعی
لانہم یرفعون وہو مفسد عندنا ہمیں حکم فساد اقتدا کو اس روایت پر مبنی کیا یا اعتبار رائے مقتدی
کو [illegible] پر مطلقا شافعی المذہب کے پیچھے اقتدا منع کو دو باتوں پر مبنی کیا اول رفع یدین کا مفسد
نماز ہونا کہ اور مفسدات تو شافعی امام میں کبھی ہوتے ہیں اور یہ دو ہمیشہ کرتے ہیں دوم
رائے مقتدی کا معتبر ہونا کہ اگر رفع یدین مفسد بھی ہو تو نماز مقتدی فاسد نہیں ہو سکتی جب
تک اوس کی رائے معتبر نہو۔ کہیے جو ایک اصل پر فرع کی بنا بتانے کو دوسری اصل کو
اوس پر مبنی بتانا سمجھے سخت احمق ہے یا نہیں۔ (۱۰) لطف یہ کہ ان کتابوں میں سے اکثر
میں وہ قول بھی ہے اکثر کا حال تو سرکار کی کذب ۴۳ میں گزرا اور جو قول نہیں ہے انکا حال
بعونہ تعالی عنقریب آتا ہے اور بعض میں غلط وہ قول جسطرح اون کتب میں ہے اوس کا
حال سرکاری خیانت ۲۷، ۲۸ و ۲۹ میں گزرا۔ کیا صرف کسی قول کا ذکر کتاب میں کافی ہوتا ہے
اگرچہ اوسے رد کیا اور خلاف صحیح بتایا پھر یہ پہلا لطف نا کہ یہ تمام ہوا یا نہیں یوں تو آپکو قرآن
عظیم سے بہت مدد ملیگی کہ بکثرت اقوال کفر کے لیے ذکر فرمائے ہیں کہہ دیا کہ قرآن عظیم
میں یہ قول بھی ہے (۱۱ تا ۱۴) ارشادات جماہیر ائمہ متقدمین و متاخرین کو سخت نفرت ۳ اس مسئلہ میں مذہب حنفیہ صحیح
کی نظر ~~[illegible]~~ کے قابل سمجھ بتانے کا الزام اپنے اوپر لیے اوٹھانیکو
بحر سے سند لائے کہ اونھوں نے شافعیہ سے منع مناکحت کو محض تعصب کہا
اور نعوذ باللہ من شرور انفسنا وسیات اعمالنا پڑھا اور کہاں اوس مذہب حنفی قول صحیح
معتمد جمہور کو سخت قابل نفرت کہنا جو یقیناً مذہب پر نفرت ہے اور یہاں اس قول شاذ
۴ ضمن ایک شعر مثنوی کا ذکر ہے پر اعتراض جو ہرگز مذہب حنفی نہیں کہا جا سکتا۔ کیا ایسی جگہ آپ ان اشعار کی اجازت دیگی یا نہیں؟

سے انچہ انسان کرا دیگر ہم کند ناسوختہ عقلے کہ بیخ دین کند؂ او گمان بردہ کہ من کردم چو او
فرق را کے بیند آن استیزہ جو ؛ **ثانیاً** بفرض غلط مساوات ہی سہی تو یہ عجب
اونٹ ہے کہ بڑوں نے دو ایک بڑوں کو کہا لہذا ہم بھی کہینگے اور ہزاروں
اکابر کو کہیں گے رافضی بھی ایسی ہی سند لایا کرتے ہیں کہ دیکھو فلاں صحابی نے فلاں صحابی
کو کیا کہا روافض نے صحابہ کو برا کہا تو برا کیا **ثالثاً** امام ابن الہمام نے ایک مسئلہ پر
کہا کثیرا ما یقلد الساہون الساہین اس پر محقق بحر نے کہا ہذا سوء ادب و غلط محقق
بحر نے کہا من العجب ان الشافعیۃ شرطوا الشبہۃ ان تکون قویۃ اس پر علامہ سید محمد
حموی نے کہا لا عجب فی المسائل الاجتہادیۃ بل ذلک سوء ادب اور اس کے نظائر بکثرت
ج۔ راجا ص دیکھو ایسی جگہ انکار ہوتا ہے نہ کہ اوسے دستاویز بنا کر ائمہ پر زبان درازی پھر بھی
صاحب بحر کا کلام دیکھیے کہ شرور و سیئات کو اپنی طرف نسبت کیا نہ کہ تمہاری
طرح سخت نفرت کے قابل ہونے کو ارشادات ائمہ کی طرف۔ (۵ تا ۱۶) اگر
یہ کہ دو مہری سند لائے کہ لکھے فرضی محمود قونوی قاضی دمشق عدم رفع یدین کی شرط کو
اسفہ و اقبح اقوال لکھتے ہیں اور یہ کہ کوئی دیندار ایسی بات نہیں کہہ سکتا تین جواب اول
بیان بھی ہیں کہ یہ سند ایہ فرضی خیالی قاضی پر بھی چار زیادتیاں ہیں اوسکی عبارت
کہ خود ان کے جان پناہ نے نقل کی یہ ہے وایضا القول بعدم جواز الاقتداء خلف
من رفع یدیہ فی الرکوع یؤدی الی عدم جواز خلف الامام الشافعی صاحب المذہب
رضی اللہ تعالی عنہ و ہذا من اقبح القول واسفہ ولا یتجاسر احد باطلاقہ ومن
اطلق واعتمدہ خیف علیہ الکفر اسمیں خود اس قول کو نہ اسفہ کہا نہ اقبح نہ لایتجاسر
احد کا یہ ترجمہ کہ کوئی دین دار ایسی بات نہیں کہہ سکتا جس سے قائلوں کی معاذ اللہ
بے دینی کا اشعار ہو اوسمیں تو یہ ہے کہ کوئی ایسی بات کہنے کی جرأت نہ کریگا
کلکتہ یہ بھی اوس شرط کی نسبت نہیں بلکہ یہ کہا ہے کہ یہ شرط ایک ایسے امر کی طرف
مؤدی ہوتی ہے کہ جو چنیں و چناں ہے مؤدی اور ایسے کے احکام بعینہا
مؤدی کے نہیں ہوتے گر تم ایسی نازک باتوں میں ایڈیٹری غلطیاں کیا شمار

ح: گر نہ بیند او راد سپر چشمیں تو

کریں جنکو واضحات میں سکندریان ہیں (۱۸) ان دونوں سے بدتر حالت سخت
جہالت یہ تیسری سند ہے حضرت شیخ مجدد نے شیخ اکبر کے اقوال کو کسقدر قابل نفرت
قرار دیا پھر یہ سمجھا کہ بارہا ہم سخن شیخ در رنگ مقبولان بنظر می آید سبحان اللہ کہاں علوم حقائق اور
ہر ادق سے ادق اوسکے دقائق پھر شیخ اکبر کا بیان جسمین عقول انام حیران ہوں طریقہ
سلامت یہی ہے جو حضرت مجدد و اکابر اماجد نے اختیار فرمایا کہ انکی جو بات اوس سے
اپنے فہم ناقص میں آئے تسلیم کریں اور قدس سرہ کی عظمت کا دم بھریں اور کہاں یہ علوم
ظاہر اِلٰہ کا اوس پر قیاس ہیں صریح وسواس خناس (۱۹) حضرت مجدد کے لفظ
یہ ہیں عجائب کاروبار ست شیخ محی الدین از مقبولان در نظر درمی آید و اکثر علوم او کہ مخالف
آرائے اہل حق اند خطا و ناصواب ظاہر می شود تا کہ بخطائے کشفی معذور داشتہ اند و در رنگ
خطائے اجتہادی از ملامت مرفوع ساختہ کہاں خطائے اجتہادی کے مثل خطائے
کشفی اور کہاں وہ گندے لفظ کہ نہایت نفرت کی نظر سے دیکھنے کے قابل ہیں حضرت سیدنا
امام شافعی رضی اللہ تعالی عنہ کو جن مسائل میں ہمارے حضرت امام الائمہ رضی اللہ
تعالی عنہ سے خلاف ہے وہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ حضرت امام شافعی سے خطائے
اجتہادی ہوئی مگر مذہب امام شافعی کو نہایت نفرت کی نظر سے دیکھنے کے قابل یہی وہی کہیگا
جو سخت گستاخ بے ادب بے باک ائمہ کا بدزبان دریدہ دہن ناپاک ہوگا اسے اوس پر دھوکا کہنا
کیسی سخت جہالت ہے اگر ہم اسے بھی ایڈیٹر کی جہالت پر محمول کرتے تو یہ اون کی بیباکیوں میں
خیانت تھی۔ (۲۰) یہاں قول تین ہیں اول شرف امام مقتدی کی معتبر ہے امام کی کچھ
اعتبار نہیں اگر شافعی نے فصد لیکر بے وضو کیے نماز پڑھائی حنفی کی نماز اوسکے پیچھے ہوگی
کہ امام مقتدی پر وہ بے وضو ہے اگرچہ امام کے مذہب میں اوس کا وضو نہ گیا اور اگر
شافعی نے مس ذکر یا مس زن کیا تھا پس ہمارے اون کے نزدیک وضو جاتا رہتا
ہے اور بھول کر بے وضو کیے نماز کو کھڑا ہو گیا حنفی کی نماز اوس کے پیچھے ہو جائیگی کہ ہمارے
مذہب میں اوس کا وضو باقی ہے اگرچہ اوسکے اپنے مذہب میں نہ رہا یہی قول صحیح و معتمد و قول
جمہور ہے دوم دونوں کی رائے معتبر ہے تو دونوں صورتوں میں اوسکے پیچھے حنفی کی

صہ قول صح

کی نماز نہ ہوگی یہ قول امام ابوجعفر ہندوانی اور ایک جماعت کا ہے نہایہ میں اسے اقیس
اور کفایہ میں اصح کہا سوم صرف رائے امام معتبر ہے رائے مقتدی کا لحاظ نہیں یہ
قول بعض حنفیہ میں صرف امام ابوبکر رازی کا ہے علامہ سراج الدین نے ان
کی موافقت کی تھی مگر جب محقق علی الاطلاق نے مسئلہ منصوصہ ائمہ ثلاثہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اوس کی غلطی ثابت فرمائی علامہ سراج نے سکوت کیا
امام فخر الدین زیلعی نے تبیین الحقائق میں تینوں قول جدا جدا بیان فرمائے
ہیں اول قول معتمد کو مقدم فرمایا ہے جو صحیح ہے پھر قول رازی پھر قول ہندوانی ہندوانی کا مخالفت
رائے مقتدی جواز اقتدا کو صرف قول رازی پر متفرع فرمایا قول ہندوانی میں اوس کو
اصلاً نہ لیا بلکہ احتمال مخالفت رائے امام عدم جواز اقتدا ذکر کیا یہیں سے فرق قولین
کھلتا تھا علامہ نوح افندی و علامہ سندی و علامہ سید حلبی و علامہ سید طحطاوی نے
قول امام ابوجعفر کے معنے تصریحاً بیان فرمادیئے کہ وہ دونوں کی رائے معتبر رکھتے
ہیں اور فرمایا یہی صحیح ہے وجہ ص ۶ میں اسے مدلل کردیا گیا۔ یہ معنی اونھوں نے خاص قول
دوم کے بتائے ہیں جو امام ابوجعفر اور ایک جماعت سے ہے ... عبارتیں
نمبر ۱۴ تا ۱۹ میں گزریں جن میں نص عبارۃ الہندوانی اور عند جماعۃ منھم الہندوانی موجود ہے
قول رازی کے یہ معنے ہوسکتے تھے کہ اوس میں اقتدا کا امام سے تعلق بالتصریح
ہے تو ثابت ہوا کہ یہ قول رازی قول ہندوانی پر مبنی نہ ان علمائے کرام کے جو کہ
اتفاق میں ملحوظ۔ علامہ شامی کو شبہہ ہوا جس پر یقین خود جزم نہ ہوا اونھوں نے منحۃ
الخالق میں ظاہر فرمادیا کلام علامہ نوح نقل کرکے فرمایا فیہ للتامل مجال ... تجویز الرازی
فلیحرر یعنی آپ صاف فرماتے ہیں للتامل مجال فلیحرر یعنی اسمیں غور کرنا چاہیے اسکی تنقیح
کرلی چاہیے ایسے اوامر علما سے ایڈیٹری استعداد مقصود نہیں ہوتی بلکہ علمائے
ماہرین کی انتظار ... تاکہ امام اہلسنت کے تامل و تنقیح کو کام فرمایا اور ثابت
کردیا کہ کلام علامہ نوح غبار ... سے پاک و صاف ہے آپ نے بتایا کہ قول رازی
مخفی و مستور نہیں علمائے کرام کے پیش نظر ہے ... علامہ نوح افندی ... رائے مقتدی

حسب فرمائش علامہ شامی

پر اتفاق بتا رہے ہیں یہ کچھ دشوار نہیں علما کی عادت ہے کہ بارہا خلاف نادر کو ساقط
النظر فرما کر اجماع بتاتے ہیں مبسوط امام شمس الائمہ سرخسی میں ہے کان الطحاوی یقول
کما سمع یجب وہ قول مخالف للاجماع فعامۃ العلماء علی ان ذلک مستحب مواقف میں ہے
الجمہور علی ان اہل الامامۃ مجتہد ذو رأی شجاع و نبیل الاشتراط ہذہ الصفات لم یجب ان
یکون عدلا عاقلا بالغا ذکرا حرا فہذہ الصفات شروط بالاجماع شرح علامہ سید شریف
میں ہے (فہذہ الصفات) الثمان الخمس (مشروط بالاجماع) وفیہ علی الاول اشارۃ
الی ان القول بعدم اشتراط الثلاث الاول کا لا یلتفت الیہ لہذا امام اہلسنت نے
فرمایا کان کلا یجعل الخلاف لا یعبؤ بہ یعنی گویا محقق چلپی کا دعوی اجماع اور علامہ آفندی کا دعوی
اتفاق اس بنا پر ہیں کہ خلاف شاذ کا اعتبار نہ فرمایا تعجب ہے تو آپ جیسے کہ اسی ناسمجھی کو فہم اور فہم ضد اد
کو ناسمجھی سمجھکر آپ کا فرمانا کہ نوح آفندی کے دعوی اتفاق کا رمز ہی آپ نہ سمجھے لہذا ہم کہتے ہیں

بس اب آپ کو اگر سمجھنے کا ادعا ہے تو نخارک علمیہ جانے دیجئے اور عربی عبارت بھی نہ لیجئے ہم دو قطعے پیش کرتے ہیں
ایک فارسی اور دوسرا اس خیال سے کہ شاید آپ فارسی بھی نہ سمجھیں اردو۔ انکا ہی کا مطلب بتا دیجئے
اور یہ کہ انہیں کیا کہنا ہے ہم کچھ ترجیح دیدیں آپکو مطلب سمجھنے میں امداد کریں منشا یہ ہے کوئی وہابی رشید احمد
کہلاتا تھا (آپ اپنے گنگوہی صاحب پر نہ لیجائیں) پہلے میں اوسکے ذات و وصف بتائے ہیں اور دیار
شرق میں کسی زمانے میں کوئی تحصیلدار سنے گئے جنکی قلیل تنخواہ اور مڈل کے پڑھانے پر ایک
مولوی علاوہ تمام خرچوں کے پچاس روپے ماہوار پر رکھے ایسے عالی ہمت بھی دنیا میں ہوتے ہیں ادھر
ایک تھانہ دار تیس روپے تنخواہ پاتے تھے اور مڈل کو انگریزی پڑھانے پر پوری تیس روپے دیکر بھی
والد تحصیلدار نے اوس ناقص تحصیل کو جہاں صرف کیا تھا دوم میں اوس کا بیان ہے۔

زہے فصاحت
لکھنؤ اتفاق کا رمز
لکھنو کا فصاحت ۱۲ منہ

اول

نجدیے گفتا کہ ای دستہ رشید احمد بگو — گفتمش گو ہم ز ذات و وصف حالش
انجیہ بر جوہر شد از وی تاج فرق پاک شد — زیرا دمند راست سبل بر بادولش

دوم

تحصیلدار ارباب کی رقم زید سے — تحصیل اصول کی گھر سے جا لیے
بھاگے جو سر پہ پاؤں کو رکھ کر ولد بڑکر — دو چار مد سوطنے کیا سر گرن گیے ۱۲ منہ

یہ مصرع پڑھنا کہ براز نکتہ ہا رگیر زسوا نجاست ٭ کیسا آسمان کا تھوکا ہوا اسے

ست باز توجہل می فگند۔

پنجہ با مرد آہنیں جینگا ... ل

(۲۱) علامہ نوح نے اسی غلط خیال کی بنا پر اتفاق کا دعوی فرمایا خدا کی شان لیخافون
ظاهرا من القول کے مصداق انکا سمجھنا علامہ حنبلی کی شان نوح آفندی وعلامہ
سند کی صاحب غایۃ التحقیق وعلامہ سید حلبی وعلامہ سید طحطاوی محشیان درمختار کے ارشاد
صحیح کو غلط خیال بتانا اس بڑے بڑے نہ سے ہیں کہ تیرہ صاحب اکڑ رد المحتار ہی سمجھ کر دیگر
جسکی شرح لکھنے کا ان کو دعوی ہے تو اپنا ناقص غلطی نہ کرتے صحیح حق کو باطل باطل کو
حق سمجھ کر صحیح بگھارنا فاحش کی جگہ فاش لکھنا آسان ہے اور کلام علما سمجھنا کار دیگر نہیں ہے
رد المحتار واضح کتاب ہے اہل علم میں محتاج شرح نہیں اور ایڈیٹر کی بلد ہر ہزار شرح بھی
نہیں سمجھ سکتی امام اہلسنت نے شرح نہیں لکھی بلکہ تنقیدات و تنقیحات فرمائی ہیں جد الممتار
توضیحی نہیں جلد اول فتاوی مبارکہ رضویہ مطالعہ کیجیے آخری ابواب میں ردالمحتار کی تصحیحات تنقیحین
تعقید ملینگی (۲۲) سبب یہ کہ علامہ نوح وعلامہ حلبی نے خلاف کو ناقابل توجہ قرار
دیکر دعوی اتفاق کیا مگر یہ غلط ہے ان کے دعوے کا سبب شامی سے ظاہر ہو چکا تھا حق
اپنی نافہمی کو دہرا دوہرا کے نمبر بڑھوائیے (۲۳) لطف یہ کہ ان کتابوں میں سے اکثر
میں وہ قول بھی ہے جو صاحب علم الفقہ نے اختیار کیا اور اسے قول رازی لکھا اور ان
کتابوں میں یہ قول ابو جعفر ہے اب کہ دونوں کا فرق کھل گیا یہ لطف نہ رہا بلکہ بے لطف رہ گیا

(۲۴) بلکہ بعض میں اوسکو مرجح لکھا ہے کیسے۔ قول ابی جعفر کو نہ قول رازی کو جواب دوسرا
کذب ہوا (۲۵ تا ۲۹) ردالمحتار کی دو عبارتوں اور نہایہ وعنایہ وطحطاوی سے
قول ہندوانی کا ذکر لانا اور بعض نے کہا وسے اقیس کہا آڑا کر مختار کی ترجیح سمجھنا اوسی
غلط فاحش پر مبنی ہے۔ (۳۰) شامی کی ایک جماعت کو اس کا قائل بتایا گیا۔ قول
ہندوانی کا نہ رازی کا یہ بھی وہی غلطی پر (۳۱) فتاوے مبارکہ میں تھا یہ مسئلہ نہ صرف بحر
و دُر ور د المحتار ورسائل اربعہ میں ہے بلکہ ہدایہ (و فلان فلان) کتب میں بتصریحات ائمہ اجلہ ہیں کر

اور اس پر یہ بھی فرماتے ہیں یا صرف کا لفظ علم الفقہ میں نہیں بلکہ وغیرہم سے کہہ ناحق عوام پر وسعت نظر جتانے کو ہم اکتابوں کے نام اور گنوا دیے اس جہالت کی کوئی حد ہے مسئلہ جسقدر کتب کثیرہ میں ہوگا اسکی وقعت زائد ہوگی اور مشہور ہوگا کہ یہی ہے اکثر جمہور ائمہ کا مذہب ہے اس کے لیے کتب معتمدہ کے حوالوں کی تکثیر ناحق ہے ؟ ثانیاً کسنے کہا تھا کہ آپکی علم الفقہ میں علم لفظ صرف ہے یا وغیرہم نہیں مگر آپکی وغیرہم تو یوں بھی ثابت ہوئی کہ ان کے سوا ایک ہی کتاب میں اور ہوتا عظمت شان مسئلہ گھٹانے ہی کو آپ نے تین [illegible] کتا برق اور ایک رسالہ کا جبرا تیرا [illegible] وغیرہم کے پردہ میں چھپایا آپکی بیہودہ دری تو [illegible] نام اور وارشاد ہوے کہ یہ مسئلہ نہ صرف [illegible] بلکہ ان سب میں ہے ثالثاً یہ بھی عامہ مسلمین خصوصاً علمائے کرام پر بدگمانی جہنم کی راہ ہے بفضل اللہ ثم بفضل حبیبہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جس عالم دین کو علمائے کرام حرمین شریفین نے امام ماجد دمانا سردار مانا استاذ مانا اور اس سے حدیث وفقہ ودیگر علوم کی سندیں لیں جسکی وسعت نظر ودقت نظر کے سکے بیٹھ ہوئے ہیں وہ ہم اکتابوں کے نام گنانے سے یہ نیت کرے کہ آپ جیسے عوام پر وسعت نظر ظاہر ہو اب آپ ہی اسکا طریقہ بتائیے [illegible] مسئلہ ایک ڈھکوسلا [illegible] عوام کو چھلے کہ یہ باطل وبے دلیل اور نہایت نفرت سے دیکھنے کے قابل ہر عالم دین بتائے کہ یہ جھوٹا ہے اور یہ ظاہر کرنا چاہے کہ عامۂ کتب اسکی تصریحات سے مالامال ہیں تو اب وہ کیا کرے اگر کتب کثیرہ کی عبارتیں لاتا یا حوالے دیتا ہے تو آپکے نزدیک عوام پر ناحق اپنی وسعت نظر جتاتا ہے لہذا آپکی مرضی یہ ہے کہ وہ چپ رہے اور ایسے جھوٹے باز کی چل جانے دے (21) تم بات قابل ہوا سکے قابل نفرت کہدینے سے حنفیت زائل ہو جانا آپ ہی کی اصطلاح ہے پردے میں نہ بولیے کھل کر کہیے وہ بات کیا ہے مذہب ائمہ کرام ہے مذہب صحیح معتمد جماہیر ائمہ حنفیہ کو نہایت نفرت کی نظر سے دیکھنے کے قابل کہہ اور کہا حنفی کا حنفی بنا رہے یہ آپ ہی کی اصطلاح ہے (22) اس فتوے سے چار دین ہوگئے انتہا ہے کہ ایک دوسرے کے پیچھے نماز نہیں پڑھ سکتے جب بے احتیاطی ہماری فرائض مذہب چھوڑ ہمارے مذہب پر اس کی طہارت ہو نماز ہو اور اسکے پیچھے نہ پڑھنے سے دین مختلف ہو جانا آپ ہی

ضرب ۱۲
کی اصطلاح ہے آپ معذور ہوں اور آپکے گھر میں تندرست تو نہ آپ اون کے پیچھے پڑھ سکینگے
نہ وہ آپ کے پیچھے تو اب آپکا اون کا دین مختلف ہوگیا نکاح ہی نہ رہا یہ کہاں تک کا سلا ہے
(۳۴) اس فتوے والے اکثر جماعت سے محروم رہجاتے ہیں یہ یا تو اہل سنت وغیرہ پر
افترا ہے یا اگر بعض ناواقف بغیر علم بے احتیاطی امام اقتدا کرتے ہوں تو اس کو مذہب صحیح
معتمد پر کیا الزام (۳۵) جماعت کی پابندی اور چنداں عزت وقعت کا ان لوگوں میں
ضرب ۱۳
نہیں کیا خوب اسکا الزام مجتہد مذہب ائمہ پر ہے ہیں نہیں یہ اپنی اوس روانفس والی
بات کا جواب ہے کہ جماعت سے اون کی محرومی نہ بوجہ فتوائے ائمہ بلکہ اس لیے کہ وہ
جماعت کا پابند نہیں (۳۶) غیر مقلدین لامذہب خذلہم اللہ تعالیٰ جو سیدنا امام الائمہ امام
اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخت توہین کرتے ہیں قاتلہم اللہ انی یوفکون
اون کو شیخ جی ایڈیٹر نے اتنا فرمایا کہ یہ ایک مسلمان کی غیبت کرنے سے فاسق
اس پر فتوائے مبارک میں ارشاد ہوا کہ امام صاحب کی قدر اسکے بیان صرف
ایک مسلمان ہونے کی ہے مسٹر ایڈیٹر اوس کا جواب فرماتے ہیں لفظ مسلمان
کی خوب قدر کی آپکا خیال کدھر ہے کل الصید فی جوف الفرا ولا ہر شخص کہ سر
میں دماغ اور دماغ میں عقل رکھتا ہو جانتا ہے کہ اصحاب فضائل خاصہ کو ایک وصف
عام سے تعبیر کرنا اون کے فضائل خاصہ سے انکار کا اشعار کرتا ہے خصوصاً اوس
تذکرہ میں کہ وصف عام وخاص فرق احکام کرتا ہو زید مسلمان بے علم کو برا کہنے
سے ایک عالم کو برا کہنا بدتر ہے آجکل کے کسی عالم کو برا کہنے سے امام کو برا کہنا
بدتر ہے امام کی تنقیص سے صحابہ کرام کی تنقیص بدتر ہے صحابہ کی توہین سے انبیا
علیہم الصلاۃ والسلام کی توہین بدتر ہے حالانکہ لفظ مسلمان سب کو شامل ہے اب آپکے
یاران مشرب دہابیہ وغیرہم جو حضرات انبیا وخود سید الانبیا صلی اللہ تعالیٰ
علیہ وعلیہم وسلم کی توہینیں کر رہے ہیں اوس پر بھی یہی کہیے کہ ایک مسلمان کو برا کہتے
۴ ذیل سوال ہم — ہیں کیونکہ کل الصید فی جوف الفرا ثانیاً یہ آپ کی اپنی نہیں آپکے مولوی اسمعیل
دہلوی کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر افترا کرکے ارشاد حضور لا تنقروا

کا مطلب یہ گدھا ہے یعنی جو خوبیاں اور کمالات اللہ نے مجھ کو بخشے ہیں سب رسول کہنے
میں آجاتے ہیں دیکھیے حضور اقدس صلے اللہ تعالی علیہ وسلم کے خصائص عالیہ سنگر ضرب ۱۲۵
ہر ایک وصف عام رسالت میں حصر کر دیا جو ہر رسول میں موجود **ثالثاً** فرا جنگلی گدھے
کو کہتے ہیں یہ آپنے معنی اسلام کی قدر کی کہ اوسے جنگلی گدھا بنایا اگر آپ کو کوئی کہے تو کتنا برا
لگے اور اگر جنگلی بربد کہیے تو لستی کا کہو کیا اسنے روا رکھیے گا (۷ مشترکہ) ایسا کرمیں غیر مقلدوں
کی نسبت تھا ان کے عقائد وہ ہیں جن میں بکثرت کفریات ہیں جنکی رُو سے اون پر بحکم فقہائے کرام
لزوم کفر ہے جنہیں سے نشتر الکوکبۃ الشہابیہ منہ کو ہیں اس پر سٹرائیڈیٹر فرماتے ہیں۔
خدا سے ڈریے کلمہ گو کو کافر کہنا بڑا گناہ ہے **اولاً** آپ کیا جانیں کہ اقوال کے کفریات
اور قائل کے کافر ہونے میں کتنا فرق ہے **ثانیاً** نہ آپ حکم فقہائے کرام کی قید
سمجھے **ثالثاً** لزوم کفر کے معنے سمجھ سکے (۲۰ ص) یہ تو آپکی **جہالتیں** تھیں آگے
یہ مطلق حکم کہ کلمہ گو کو کافر کہنا بڑا گناہ ہے صریح **ضلالت** بلکہ اپنے عموم پر قائم رہیے تو کھلا
ارتداد و الحاد ہے **اولاً** اس کے لیے الکوکبۃ الشہابیہ و سل السیوف الہندیہ و حسام
الحرمین شریف و تمہید ایمان بآیات قرآن و سبحٰن السبوح وغیرہ تصانیف امام اہلسنت
اور رد ندوہ کی کتب مطالعہ کیجیے کہ آپکو معلوم ہو کہ کلمہ گو اگر کفر کرے تو اوسے کافر کہنا فرض ضرب ۱۲۶
بلکہ عین اسلام ہے **ثانیاً** آپ نہیں جانتے کہ کافروں میں مرتد بھی کوئی قسم ہے تو مرتد ہی کافر
ہے جو باوصف کلمہ گوئی کفر کرے **ثالثاً** آپکے دادا ثلمذی کے فتاوی حصہ اول ص ۲۲۴ ضرب ۱۲۷ و ۱۲۸
میں ہے بعض فرق شیعہ کافر ہیں مثل اون کے جو کہتے ہیں علی آنحضرت صلی اللہ تعالی علیہ وسلم
سے افضل تھے کیا یہ فرقے کلمہ نہیں پڑھتے **رابعاً** ایڈیٹری علم الفقہ حصہ ۲ ص ۲ میں ہے جلیل
القدر صحابہ نماز چھوڑنے والے کو کافر فرماتے ہیں حضرت فاروق اعظم کا بھی یہی مذہب ہے
کیا نماز چھوڑنے والا کلمہ گو نہیں ہوتا تو آپکے نزدیک اجلہ صحابہ و فاروق اعظم رضی اللہ
تعالی عنہم بڑے گناہ کے مرتکب ہوئے پھر آپکے دادا ثلمذی کی کیا گنتی **خامساً** ضرب ۱۲۹
کتاب مستطاب الکوکبۃ الشہابیہ کو پچیس برس سے سر رہی ہے برصاعقہ بار از بحمد اللہ
تعالی آج تک لاجواب ہے۔ اور بعونہ تعالی ہمیشہ لاجواب رہیگی۔ آپکے نہایت وہابیہ کا جواز تعلا

تھا تو مردانگی یہی تھی کہ اس کا جواب دیتے اپنوں کے سر سے پچھتر کفر ونکالا لزوم ٹالتے اس سے عہدہ برآ ہو لیتے پھر بڑا یا چھوٹا گناہ بگھارتے اور جب یہ ناممکن تو قرآن کریم میں ہے موتوا بغیظکم ان اللہ علیم بذات الصدور

فصل ایڈیٹر کی عناد۔

(۱) خانہ ساز فتوی بازاری فتوے آگے بیان ہوتے ہونگے اولاً جب شیخ جی کو مسلم کہ مجیب و سائل دو مدافاضل پھر خانہ ساز کیا جسنے ثانیاً خانہ ساز اسے کہیے کہ آپکے ذاد شمندی کی ساری تیسری جلد بھری کی ساختہ آپ ہی سائل آپ ہی مجیب (۲) شریعت آپکے گھر کی جس کا حال تو اوپر معلوم ہوا کہ آپکا محض کذب و افترا ہے مگر اولیاء گھر کی شریعت اسے کہیے کہ آپکے مرجع الفتوی گنگوہی صاحب کا دھرم تو یہ ہے جو ان کے فتاوی حصہ اول ص۱۳۳ میں ہے کہ صاحب قبر سے کہہ کر تم میرا کام کر دو یہ شرک ہے خواہ قبر کے پاس ہو کہ خواہ دور ایضاً ص۱۲۱ یہ حرام ہے اور شرک بالاتفاق ہے حصہ ۳ ص۱۹ وہ استعانت جو کفر ہے وہ یہ ہے کہ تم میرا کام کر دو اور جب اسی استعانت سے سوال ہوا حصہ ۲ ص۵ پڑھنا ان اشعار کا جنمیں استعانت لغیر اللہ ہو کیسا ہے مثلاً یہ شعر ع یارسول اللہ انظر حالنا یا حبیب الالٰہ اسمع قالنا جن میں کی ہسل لنا اشکالنا شاید اشعار شاہ ولی اللہ محدث دہلوی و قاسم بجی استمداد یہ میں بیان جو اپنوں کا قدم درمیان تھا وہی جو حرام و شرک بالاتفاق کفر کو دیکھیے کیسا خالص حلال ہوا جاتا ہے جواب میں لکھتے ہیں ایسے اشعار کا پڑھنا بزعم مولف پرحسن ہو سکتا ہے یہ ہے گھر کی شریعت کہ جب چاہا کفر حلال کر لیا ثالثاً ضیاء العین (؟) ... صاحب کا دھرم تو یہ ہے حصہ اول ص۳۱ موہم الفاظ کا پڑھنا معصیت ہے ایضاً اسکا بولنا بھی ناروا ہے ص۱۱۱ پڑھنا ان کا حرام ہے حتی کہ حصہ ۲ ص۱۲ ایہام گستاخی سے خالی نہیں ان کا کہنا کفر اور اسی سوال کا ص۱۵ کے جواب میں اپنوں کے نام دیکھ کر کہا فی ذاتہ ایہام بھی ہے مگر بندہ اسکو معصیت بھی نہیں کہہ سکتا یہ ہے گھر کی شریعت کہ جب چاہا کفر اور جب

۱۷ بار بھی معصیت کہی ہیں تالثاً ہیں گنگوہی صاحب کا زعم تو یہ ہے صحیح ادب وہ

۱۸ فسق کی اعمال فسا وعصی عوام سے حصہ اول ۸۱ بدعت و اضلال سے خالی ہیں

فرو ۳ اور مثال جو انہوں کا ذکر دیکھا فرمایا کراہت سوئم کی بوجہ غلبہ الحب سبحہ ہو جاتی ہو مگر ایسی

طرح اُس پر معنا کی اغراض عوام کا ہو بندہ بنتہ نہیں کرتا گو اسکو معصیت بھی نہیں کہہ سکتا یعنی جن

۱۹ ستوا دھر کو ابے گھر کی نیت کہتے ہیں رابعاً ہر خادم علم جانتا ہے کہ حدیث

و فقہ و دونوں کے حکم سے غیر قریشی قریشی کا کفو نہیں تو شیخ انصاری شیخ صدیقی یا

فاروقی کا بھی کفو نہیں ہو سکتا نہ کہ سادات کرام کا مگر آپ کی داد انملوی آپ جو الفقہ کی

فرو ۴ تھے حصہ اصفحہ ۱۹۲ پر فرمایا صدیقی فاروقی انصاری سید ملب میں آپس میں کفاءت ثابت ہے

ازو ۲۰ اور جو قوم کہ اوس کا نسب کسی قبیلہ عرب سے نکلتا ہو وہ کفو اون لوگوں کا

۲۱ نہیں کے خامساً آپ تمبا کو پیتے نہ تھے کھاتے تھے لہذا کھایا تو جائز اور پینا

مکروہ تنزیہی تاکہ گناہ ٹھہرایا اور بعد عادت گناہ کبیرہ حالانکہ مکروہ تنزیہی ہرگز اصلا

گناہ نہیں دیکھو رسالہ مبارکہ حمل لجلیہ ان المکروہ تنزیھا لیس بمعصیۃ

اور پینے تو کھانے پینے کا دونوں کا ایک حکم بلکہ کھانے میں کراہت زائد دیکھو رسالہ

مبارکہ حقۃ المرجان لمھم حکم الدخان (۲۳) سوال میں نہ علم الفقہ کا نام تھا نہ اوسکے

دلائل کا ذکر خود اُسکے اشتہار میں سائل کی نسبت سے علم الفقہ میں جو دلائل ہیں

اون کو نقل کیا پھر فتوای مبارکہ بریۃ الذلیم کہ نہ علم الفقہ کے دلائل کا جواب دیا گیا

ساڑھے صفحہ تھا وہ ہے (۲۴) علم الفقہ جیسی مہمل محض بے معنی عبر ایک مسئلہ میں ہے تین سو

۲ پونے چھ سو صفحہ صفحے کے قریب اور اگر باب اول کی ۹۴ عبارات ملا لیجیے تو تین سو صفحے کے قریب ہیں اور کس

یہ کہنا کہ علم الفقہ کی وجاہت و مقبولیت میں اگر کچھ کمی تھی تو یہ کہ اب تک ناقصین کے سطائعن سے

محروم تھی کیسا عناد اور کس حیا کا تقاضا ہے علما ایسے اخبارچی رسالوں کو اٹھا کر بھی نہیں

دیکھتے عوام میں جتنی جاہ و وجاہت بنا لو اب اس مسئلہ کی ضرورت ہے بعض احباب نے آگے کتاب ۶۳

کے چار حصے جنکو چار جلدیں بنایا ہے جنکا مجموعہ چھوٹے چھوٹے تین سو صفحے کا مجموعہ بھی نہیں گونا

ہم تقطیع بڑا سائز صفحہ کل کا تمامت چوالیس ہے ہمارے پاس بھیجے بعض انمیں جو ورق اولٹے اغلاط کا مینا بازار پایا اگر انھیں عبارت

۱۸ - ۱۹

[illegible]

کیا حوالہ بہی غلطاں ہیں تحریف ہر لفظ آیا فہمیاں لکھی جاتیں تو بلا مبالغہ ان سے زائد اوراق
میں آتیں اور فائدہ کیا کہ سیدنا امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرما چکے لا تردوا علی الجاہل
قولا فیستفید منک علما وتتخذہ عدوا ہرگز کسی جاہل کا رد نہ کرو وہ تیرے رد سے
علم حاصل کریگا اور تجھے دشمن بنا لیگا بہر حال انکو آپ کا نمونہ دکھانے کیلئے میں نے چاہا تھا کہ تیرے
رسالے کے حصے کے سینے ہی دو ایک جز کے اغلاط لکھوں مگر دیکھوں تو اغلاط کا انبار ہے
اور ہر جز پر ایک مستقل رسالہ لکھنا ہوتا لہٰذا دیباچے کے بعد پہلے ہی صفحہ کی سات ہی سطروں
کے اغلاط دکھاؤں یہ صفحہ ۳ ہے اس کی اخیر ۹ سطروں میں دو آدھی آدھی ہیں اور ایک
تہائی اور اخیر بھی کچھ مقطوع کہ مجموع سات سطریں ہیں چھوٹی چھوٹی یا شاں لکھی کہ سب
میں چار سطر سے زائد نہیں انھیں کے اغلاط کی سیر کیجیے اور خدا توفیق دے تو حق بات
ماننے کا حق ادا کیجیے وان کان مثلک لا یشکر بوطل السمیع تعالی لتری

علم الفقہ کی ابتدائی سات ہی سطروں میں غلطیوں کی بھرمار

(۱) پانی کو کہنا کہ اس کا رنگ ہے غلط ہے آبی رنگ کبھی نہ سنا ہوگا یا شاید
دھنا ہو سفید کرتے ہیں پانی سیاہی مائل دھبا دیگا جب تک خشک نہ ہو جائے یا لثنا بحر احمر و
بحر اخضر دیکھے ہوں تو کالا پانی دیکھیے رنگ کا پانی نظر آتا ہے اور الصاف دیکھیے رنگ
صرف ظاہری ہے بے رنگ چیز نظر نہیں آتی تاہم مسلماً صحیحین میں ام المومنین صدیقہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے الاسودان التمر والماء دونوں سیاہ رنگ چھوڑ کر اور
پانی مشاہد دیکھا خود مشاہد احادیث میں قوعہ حضور سید عالم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ موجود
اور بلا ضرورت حقیقت سے عدول مردود ہے البتہ کتب لغت میں اس کے رنگ کا متواتر ذکر ہے مگر
کو رنگ کہنا ایک اصطلاح ہو جیسے النفقہ کو علم الفقہ مگر علما کی یہ اصطلاح نہیں (۲) مزہ
اس کا اس سے پوچھیے جسے گرمی کی شدت اور پیاس میں پیا ہو شدت حاجت کو وقت
ہر معرفت ذائقہ کو مجہول کرنا جہالت ہے بلکہ اس وقت ہر مزہ چیز بھی مزہ دار
معلوم ہوتی ہے بات یہ ہے کہ آپکو پانی کے مزہ کی خود ہی تمیز نہ تھی لہٰذا گرمی کے پیاسے پر پانی
پانی کا قرآن عظیم میں ہذا عذب فرات وہذا ملح اجاج نہ پڑھا تھا تو کہتے

میں [illegible] متغیر ہو اور پتلے پانی کی طرح [illegible] مزہ [illegible]

صفت [illegible] لذت و طعم [illegible] ذائقہ میں تغیر نہیں وقت شدت احتیاج [illegible] کا

[illegible] اور [illegible] ذائقہ [illegible] کو حمار اور افیونی کو [illegible] کے

[illegible] چیز [illegible] لذت [illegible] اون کے ذائقے [illegible] کیا تعلق [illegible] اسکی

[illegible] کوئی [illegible] عقلمند [illegible] پانی کا ذائقہ اوس سے پوچھیے جسے [illegible] یا

[illegible] کی شدت میں بے تاب [illegible] (۳) مقید وہ پانی جسکو محاورہ

میں پانی نہیں کہتے جیسے گلاب یا پانی کے ساتھ کوئی اور خصوصیت لگاتے ہیں جیسے تربوز

کا پانی ناریل کا پانی آب زعفران جس کی اور خصوصیت ہے اور اوس سے وضو جائز نہیں [illegible]

[illegible] آب [illegible] ہدایہ فتح عنایہ جوہرہ [illegible] گلاب

[illegible] یعنی آب گل اور [illegible] پانی نہیں کہتے [illegible] تربوز کا پانی پانی کی جنس [illegible]

[illegible] ہے تو پانی مگر مقید [illegible] ناریل کا پانی۔ آب مطلق و مقید کا بیان

[illegible] ہو تو رسالہ مبارکہ النور والنورق لاسفار الماء المطلق دیکھیے کہ آنکھیں نورانی ہوں

(۴) مطلق پانی کی پانچ قسمیں ہیں۔ طاہر مطہر غیر مکروہ طاہر مطہر مکروہ طاہر غیر مطہر [illegible]

[illegible] تقسیم [illegible] ہے [illegible] احکام [illegible] جانچیے اور [illegible] نے یہاں جانچ [illegible]

[illegible] صحیح [illegible] مطہر جس [illegible] گیا جیسے [illegible] کیا ہوا پانی۔ (۵) طاہر مطہر مکروہ

وہ پانی جو خود پاک ہے مگر [illegible] کے ہونے [illegible] وضو غسل وغیرہ مکروہ تنزیہی اور [illegible]

مکروہ تحریمی ہو وہ کس قسم میں جائیگا تماشا [illegible] ص ۱۹ [illegible] اسی قسم کے بیان میں کہا دریائی یا

[illegible] کا جانور پانی میں ریزہ ریزہ ہو کر [illegible] تو اس کا [illegible] پینا مکروہ ہے اس وضو غسل درست

ہے کہ اسکا پینا مکروہ تنزیہی نہیں تحریمی ہے دیکھو علم الفقہ حاشیہ ص ۱۴۱ [illegible] وغیرہ [illegible] کلام

آگئے۔ بتائیے کونسا طاہر مطہر پانی ہے جیسے جانور کو پلانا اور گارے میں ڈالنا بھی مکروہ تنزیہی [illegible] طاہر

مطہر کی تفسیر [illegible] پاک [illegible] کیا [illegible] اگر [illegible] اوس سے وضو مکروہ تنزیہی [illegible]

[illegible] طاہر [illegible] ابتدا ہی میں [illegible]

[illegible] غلطیاں کرنے والا کتنا بڑا مجتہد العصر ہوگا اور اوس کی

کتاب کیا کچھ عجب العجاب۔ یہ ہے ان کی علم الفقہ اور یہ ہے اوس کی وجاہت [illegible] ولا حول

ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا ومولانا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین آمین

والحمد للہ رب العالمین۔ ربیع الآخر شریف [illegible]